کاگ بھگوڑوں کی پریڈ

Author: Shamim Padamsee
Illustrator: Tanaya Vyas
Translator: Shahid Anwar

"ماں! کیا کاگ بھگوڑے بنانے میں آپ کی مدد کروں؟ میں بہت خوبصورت کاگ بھگوڑے بنا سکتی ہوں۔" گوری ماں سے بولی۔

ماں کاگ بھگوڑے بنانے کے لیے کچھ کمانیاں جوڑ رہی تھیں۔ انھوں نے لکڑی کے اس ڈھانچے کو ایک پرانی قمیض پہنائی اور پھر اسے پوال سے بھر دیا۔

گوری تار تک گئی جہاں دھلے ہوئے کپڑے سوکھ رہے تھے۔ اس نے ایک فراک کھینچی،

"میں اسے اپنی لال فراک پہناؤں گی اور اس کے بال میں لال ربن بھی لگاؤں گی۔ وہ بہت پیاری لگے گی!"

"ارے بدھو کاگ بھگوڑا خوبصورت نہیں ہو سکتا۔ کاگ بھگوڑے ڈرانے کے لیے ہوتے ہیں۔ اس لیے انہیں ڈراؤنا ہی لگنا چاہیئے۔ دیکھو ایسے ..." ماں نے ڈراؤنا چہرہ بنا کر اپنی باہیں ہلائیں۔

گوری کھلکھلائی، "تم بہت عجیب لگ رہی ہو ماں!"

ماں کاگ بھگوڑوں کو کھیت میں لے گئیں اور انہیں کھیت میں اونچے پودوں کے درمیان کھڑا کردیا۔ گوری نے کاگ بھگوڑوں کو تھپتھپاتے ہوئے کہا، "تم اچھے پتلے بن کر دکھانا اور چڑیوں کو ہمارے کھیت سے دور بھگانا۔"

گوری اور اس کی ماں اپنی جھونپڑی میں لوٹ آئے۔
گوری اندر جا کر چارپائی پر لیٹ گئی۔
آسمان میں اگتا بڑا سا پیلا چاند کھیتوں میں ہلکی روشنی بکھیر رہا تھا۔

گوری نے دیکھا کہ ایک کاگ بھگوڑا جھک کر اپنے کپڑے دیکھ رہا ہے۔

اس نے آہ بھرتے ہوئے کہا، "ہمیں ہمیشہ پھٹے پرانے چیتھڑے ہی کیوں پہننے پڑتے ہیں؟ کاش ہمارے پاس کچھ اچھے کپڑے ہوتے!"

"ہاں میں بھی یہی چاہتا ہوں!" دوسرے نے کہا۔ کاگ بھگوڑے کھیت کے چاروں طرف دیکھنے لگے۔ تب ہی ان میں سے ایک نے کہا، "ارے ہوا میں لہراتے تار پر ٹنگے ان پیارے کپڑوں کو دیکھو۔ انہیں کیوں نہ پہن لیں؟"

"واہ! یہ کپڑے کتنے خوبصورت ہیں۔ چلو، انہیں پہن لیں"

دوسرا بولا۔

ایک کاگ بھگوڑے نے ستاروں والی پیاری لال پوشاک پہن کر دیکھی۔ وہ چاندنی میں جھلما رہی تھی۔ اس نے ہوا میں لہراتے پیارے لال ربن اپنے گھاس پھوس کے بالو میں باندھ دیے۔ نئے کپڑوں میں اتراتا وہ گھوم گھوم کر دوسروں کو دکھانے لگا۔

جلدی ہی سبھی کاگ بگھوڑے نئے کپڑے پہننے لگے۔ وہ مل کر چلنے لگے۔ وہ ایک ساتھ چلتے۔ ایک ساتھ مڑتے۔ وہ ایک ساتھ چکر کاٹتے گھومنے لگے۔

وہ سب اپنے مٹّی کے مٹکوں والے سروں کو اچھالتے شرارت بھری ہنسی ہنسنے لگے۔ وہ سب خوب مزہ کررہے تھے۔

اس درمیان سیکڑوں چڑیائیں کھیت میں اتر آئیں۔ یہاں چڑیائیں... وہاں چڑیائیں... جدھر دیکھو ادھر چڑیائیں۔
ان کی چونچ اناج کی بالیاں کتر رہی تھیں اور چٹخارے لے رہی تھیں۔ اپنے پروں سے چونچ پونچھتے ہوئے ایک چڑیا بولی، "آج مزہ آگیا۔

پہلے تو کاگ بھگوڑے ہمیں کھیتوں سے بھگا دیتے تھے۔" کاگ بھگوڑوں نے یہ بات سنی تو کھیت کی طرف دیکھا۔ ان کے چہرے دیکھنے لائق ہو گئے۔

پوال والے ہاتھ بے تحاشہ ہلاتے ہوئے وہ چلائے، "ارے ہٹو، بھاگو یہاں سے!"

گوری چلائی۔ اس کی ماں دوڑتی ہوئی آئی، "گوری! گوری! کیا ہوا! جاگو!"

"اوہ ماں! چڑیائیں ... وہ سارا اناج کھا رہی ہیں!"

ماں نے اسے باہوں میں بھر لیا اور کہا، "ننھی بیٹی، کھیتوں کی طرف دیکھو۔ وہ صحیح سلامت ہیں۔ تم نے کوئی بُرا خواب دیکھا ہوگا!"

گوری نے باہر دیکھا۔
کاگ بھگوڑے اب بھی وہیں کھڑے تھے جہاں ماں نے انہیں کھڑا کیا تھا۔

اسے ایسا لگا جیسے وہ اسے دیکھ کر ہاتھ ہلارہے ہوں۔
پُتلے کے بال میں لال ربن لہرا رہا تھا۔ گوری نے آنکھیں مل کر دوبارہ دیکھا۔ کیا سچ میں کاگ بھگوڑے نے شرارت سے آنکھیں جھپکائیں یا پھر یہ خواب تھا؟

Story Attribution:

This story: کاگ بھگوڑوں کی پریڈ is translated by Shahid Anwar . The © for this translation lies with Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'The Scarecrows on Parade', by Shamim Padamsee . © Pratham Books , 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Kaagbhagodon Ki Parade' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. www.prathambooks.org. The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

Images Attributions:

Cover page: Girl and scarecrow, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Girl talking to lady, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Girl looking at dress near clothesline, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Girl laughing at lady making faces, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Girl and lady making a scarecrow, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Girl looking at scarecrows in a field, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Girl looking at scarecrows through a window, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Scarecrow wearing a red dress, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Scarecrows dancing, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Birds eating, by Tanaya Vyas © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

کاگ بھگوڑوں کی پریڈ
(Urdu)

کاگ بگھوڑوں کا کام ہے کھیتوں سے چڑیوں اور جانوروں کو ڈرا کر بھگانا۔ انہیں ڈراونا ہی لگنا چاہیئے۔ لیکن ننھی گوری ایسا نہیں سوچتی۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.